سبق 18b

اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام
فَعَلَ، فَتَحَ، جَعَلَ...

سبق نمبر 18 (a&b) کے ختم تک آپ 222 نئے الفاظ کے معنی سیکھ لیں گے جو قرآن میں 40,469 بار آئے ہیں!

اس سبق میں ہم فَعَلَ سے تین الفاظ بنانا سیکھیں گے۔

فَاعِل: (کرنے والا) کہتے وقت سیدھے ہاتھ سے دینے کا اشارہ کیجیے۔

مَفْعُوْل: لینے والا ہاتھ وہ ہے جس کی مدد کی گئی، اس پر اثر پڑا۔ مَفْعُوْل (جس پر اثر پڑا) کہتے ہوئے لینے والے ہاتھ کا اشارہ کیجیے۔

فِعْل: اور آخر میں فعل (کام کا نام) کہتے وقت ہاتھ کی مٹھی بنا کر قوت کا اشارہ کیجیے۔

ایک اہم بات نوٹ کیجیے کہ اوپر کے تینوں الفاظ فعل نہیں بلکہ اسم ہیں۔

یہ سارے اشارے ایک نئے آدمی کے لیے کچھ عجیب سے لگتے ہیں مگر یاد رکھنے کی خاطر ان اشاروں سے کام لیجیے، زبان سیکھنے کے لیے اپنے سارے وجود کو (Total Physical Interaction) جتنا استعمال کریں گے، اتنا ہی فائدہ ہوگا اِن شاء اللہ! آپ خود دیکھیں گے کہ اس طریقے سے کس طرح آسانی سے یہ سارے الفاظ یاد ہو جاتے ہیں۔

آپ نے دوسرے ہی سبق میں سیکھ لیا تھا کہ مُسْلِم کی جمع مُسْلِمُوْن یا مُسْلِمِیْن ہوگی۔ یہی قاعدہ فَاعِل اور مَفْعُوْل کے لیے استعمال ہوگا۔

فَاعِل کرنے والا (جمع: فَاعِلُوْن، فَاعِلِیْن) مَفْعُوْل وہ جس پر اثر پڑا (جمع: مَفْعُوْلُوْن، مَفْعُوْلِیْن)

(فاعل کے سامنے اعداد کا ذکر کیا گیا ہے، ان اعداد کا تعلق فَاعِل، مَفْعُوْل اور فِعْل سے ہے اس میں فعل ماضی، مضارع اور امر شامل نہیں ہیں)

فعل ماضِ	فعل مضارِع	فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
فَعَلَ	يَفْعَلُ	اِفْعَلْ	کر!
فَعَلُوْا	يَفْعَلُوْنَ	اِفْعَلُوْا	کرو!
فَعَلْتَ	تَفْعَلُ	لَا تَفْعَلْ	مت کر!
فَعَلْتُ	أَفْعَلُ	لَا تَفْعَلُوْا	مت کرو!
فَعَلْتُمْ	تَفْعَلُوْنَ	17 فَاعِل	کرنے والا
فَعَلْنَا	نَفْعَلُ	مَفْعُوْل	جس پر اثر پڑا
		فِعْل	کرنا، کام کا نام

(عربی بول چال)

(اچھے سبھی کام کر رہے ہیں، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ)

هَلْ أَنْتَ فَاعِل؟ نَعَمْ، أَنَا فَاعِل.

هَلْ أَنْتُمْ فَاعِلُوْن؟ نَعَمْ، نَحْنُ فَاعِلُوْن.

فعل ماضِ	فعل مضارِع	فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام		
فَتَحَ	يَفْتَحُ	اِفْتَحْ	کھول!	
فَتَحُوْا	يَفْتَحُوْنَ	اِفْتَحُوْا	کھولو!	
فَتَحْتَ	تَفْتَحُ	لَا تَفْتَحْ	مت کھول!	
فَتَحْتُ	أَفْتَحُ	لَا تَفْتَحُوْا	مت کھولو!	
فَتَحْتُمْ	تَفْتَحُوْنَ	13 فَاتِح	کھولنے والا	هَلْ أَنْتَ فَاتِح؟ نَعَمْ، أَنَا فَاتِح.
فَتَحْنَا	نَفْتَحُ	مَفْتُوْح	جس کو کھولا گیا	هَلِ الْمَسْجِدُ مَفْتُوْح؟ نَعَمْ، اَلْمَسْجِدُ مَفْتُوْح.
		فَتْح	کھولنا	

(عربی بول چال)

(قرآن کو کھولنے والا یا مسجد کو کھولنے والا)

فِعْل مَاضِ	فِعْل مُضَارِع	فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام		
جَعَلَ	يَجْعَلُ	اِجْعَلْ	بنا!	
جَعَلُوْا	يَجْعَلُوْنَ	اِجْعَلُوْا	بناؤ!	
جَعَلْتَ	تَجْعَلُ	لَا تَجْعَلْ	مت بنا!	
جَعَلْتُ	أَجْعَلُ	لَا تَجْعَلُوْا	مت بناؤ!	
جَعَلْتُمْ	تَجْعَلُوْنَ	6 جَاعِل	بنانے والا	هَلْ أَنْتَ جَاعِل؟ نَعَمْ، أَنَا جَاعِل.
جَعَلْنَا	نَجْعَلُ	مَجْعُوْل	جس کو بنایا گیا	هَلْ أَنْتُمْ جَاعِلُوْن؟ نَعَمْ، نَحْنُ جَاعِلُوْن.
		جَعْل	بنانا	

(عربی بول چال)

(آپ نے کچھ نہ کچھ اچھی چیز بنائی ہو گی!)

فعل ماضِ	فعل مضارِع	فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام		
نَصَرَ	يَنْصُرُ	اُنْصُرْ	مدد کر!	
نَصَرُوْا	يَنْصُرُوْنَ	اُنْصُرُوْا	مدد کرو!	
نَصَرْتَ	تَنْصُرُ	لَا تَنْصُرْ	مت مدد کر!	
نَصَرْتُ	أَنْصُرُ	لَا تَنْصُرُوْا	مت مدد کرو!	
نَصَرْتُمْ	تَنْصُرُوْنَ	35 نَاصِر	مدد کرنے والا	هَلْ أَنْتَ نَاصِر؟ نَعَمْ، أَنَا نَاصِر.
نَصَرْنَا	نَنْصُرُ	مَنْصُوْر	جس کی مدد کی گئی	هَلْ أَنْتَ مَنْصُوْر؟ نَعَمْ، أَنَا مَنْصُوْر.
		نَصْر	مدد کرنا	

(عربی بول چال)

(آپ دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور اللہ آپ کی مدد کرتا ہے)

بالکل نَصَرَ ہی کی طرح خَلَقَ اور ذَكَرَ کے صیغے ہیں، ان کو ہوم ورک کے طور پر کیجیے۔

خَالِق (پیدا کرنے والا)، مَخْلُوْق (جس کو پیدا کیا گیا)، خَلْق (پیدا کرنا)

ذَاكِر (ذکر کرنے والا)، مَذْكُوْر (جس کا ذکر کیا گیا)، ذِكْر (ذکر کرنا)